تہمینہ عباس

اشاریۂ اردو

انجمن ترقیٔ اردو پاکستان، کراچی

جلد: ۹۲۔۹۱

شمارہ:۱۶۔۲۰۱۵ء

شمار	مقالہ نگار	عنوان	صفحہ	خلاصہ	کلیدی الفاظ
۱	اطہر فاروقی	کئی چاند تھے سرِ آسماں کی وزیر خانم	۷	شمس الرحمٰن فاروقی کا مشہور ناول انیسویں صدی کے دلّی کے شب و روز کی داستان ہے۔ اس ناول کا نسوانی کردار وزیر خانم اپنے اندر ایک خاص معنویت رکھتا ہے۔ اس مقالے میں وزیر خانم کے کردار کا نوآبادیاتی آرکائیو اور تانیثیت کے تناظر میں جائزہ لیا گیا ہے۔	شمس الرحمٰن فاروقی، انیسویں صدی میں ہندوستان، وزیر خانم، نسوانی کردار، نوآبادیاتی آرکائیو، تانیثیت۔
۲	عطش دُرّانی	کثیر معنوی اردو تھیسارس	۲۸	تھیسارس لغت نویسی کی اصطلاح ہے۔ اس مقالے میں تھیسارس کیا ہے اور کس طرح کا تھیسارس اردو میں بنایا جانا ضروری ہے، اس پر بحث کی گئی ہے۔	تھیسارس، لغت نویسی۔
				نیز ایک اچھے تھیسارس کے کچھ نمونے بھی دیے گئے ہیں۔	
۳	عبدالرشید	ایک کم یاب قصے فریب النسا' کا متن	۲۸	فریب النسا خدا بخش غریبؔ کی مثنوی ہے۔ جو ۱۸۷۰ء میں شائع ہوئی تھی۔ جس میں غریبؔ نے چھبلیا بھٹیاری کا قصہ نظم کیا ہے۔ اس مقالے میں فریب النسا اور اس قصے کے بارے میں تحقیق پیش کرنے کے بعد اس کم یاب قصے کا مکمل متن شامل کیا گیا ہے۔	فریب النسا، مثنوی، خدا بخش غریبؔ، تدوینِ متن۔
۴	ارشد محمود ناشاد	چھاچھی بولی: لسانی و ادبی جائزہ	۹۸	صوبہ پنجاب کے شمال مغرب میں ضلع اٹک کا ایک زرخیز خطہ چھچھ آباد ہے۔ اس علاقے میں بولی جانے والی زبان کو چھاچھی کا نام بیسویں صدی میں دیا گیا۔ اس مقالے میں چھاچھی بولی کا لسانی اور ادبی جائزہ پیش کیا گیا ہے نیز چھاچھی نظم کے نمونے بھی پیش کیے ہیں۔	پنجاب، ضلع اٹک، چھچھ، چھاچھی، چھاچھی ادب کے نمونے۔
۵	خالد ندیم	اردو میں صنعتِ تلمیع کی چند مثالیں	۱۱۶	تلمیع علمِ بدیع کی ایک صنعت ہے۔ جس کے تحت شعری ضرورتوں اور فنی پختگی کے اظہار کے لیے ایک مصرعے یا شعر میں ایک سے زائد زبانوں کو جمع کیا جاتا ہے۔ اردو شعر و ادب میں اس کا آغاز حضرت امیر خسرو سے ہوا۔ اس مقالے میں اردو میں صنعتِ تلمیع کی مثالیں پیش کی گئی ہیں۔ جن میں دو، تین یا چار زبانوں کو جمع کیا گیا ہے۔	تلمیع، علم بدیع، اردو میں تلمیع کی مثالیں۔

۶	شمس بدایونی	خواتین فیضی اور مولانا شبلی نعمانی	۱۳۳	خواتین فیضی سے مراد عطیہ بیگم فیضی، زہرا بیگم فیضی، نازلی رفیعہ سلطان بیگم، ہیں۔ اس مقالے میں علامہ شبلی کی مکتوب الیہ ان خواتین کے بارے میں تفصیل سے حقائق پیش کیے گئے ہیں۔ یہ مقالہ درحقیت مصنف کی مرتبہ اور مدوّنہ زیر اشاعت کتاب خطوطِ شبلی از محمد امین زبیری کے طویل مقدمے کا حصہ ہے۔	عطیہ بیگم فیضی، زہرا بیگم، فیضی، نازلی رفیعہ سلطان بیگم، علامہ شبلی نعمانی، مکتوب الیہ، خطوط شبلی، محمد امین زبیری۔
۷	محمد احسن خاں	اردو لغت بورڈ (کراچی) کی بائیس جلدی لغت پر فوری اور تفصیلی نظر ثانی کی اشد ضرورت	۱۶۶	اردو لغت بورڈ کی بائیس جلدوں پر مشتمل لغت اردو لغت (تاریخی اصول پر) کی اہمیت سے کسی طور انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مگر وقت کے ساتھ ساتھ اس لغت پر تفصیلی نظر ثانی کی اشد ضرورت ہے۔ اس مقالے میں ان الفاظ و تراکیب اور ان کی اسناد کی تفصیل درج کی گئی ہے جو بورڈ کی لغت (جلد اوّل) میں شامل نہیں۔	اردو لغت، لغت بورڈ کی لغت، الفاظ و اسناد کا اضافہ۔
۸	محمد عباس	تارڑ کے ناول بہاؤ میں شاعرانہ وسائل کا استعمال۔	۱۷۲	شاعرانہ وسائل مثلاً تشبیہ، استعارہ، محاکات وغیرہ۔ شاعری کے علاوہ نثر میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اس مقالے میں مستنصر حسین تارڑ کے ناول بہاؤ میں تشبیہ، استعارے، مجازی معنی، کنائے، تجسیم اور امیجری کا جائزہ لیا گیا ہے۔	مستنصر حسین تارڑ، ناول، بہاؤ، تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز، امیجری، تجسیم۔
۹	لیلیٰ عبدی خجستہ	گزشتہ دور کی اردو لغات میں عوام ''راندہ درگاہ'' کی حیثیت	۲۰۰	گزشتہ دور میں لغات دراصل ادبی مطالعے اور تدریسی تقاضوں کو پورا کرتی تھیں چنانچہ گزشتہ اردو لغت نویس، اپنا مواد شاعروں کے کلام اور ادیبوں کے نثر پاروں سے اخذ کرتے تھے۔ لغت نویس عوام کی زبان درج نہیں کرتے تھے۔ اس مقالے میں یہ جائزہ لیا گیا ہے کہ اردو لغت نویسی میں عوام کی زبان کی کیا حیثیت ہے۔	اردو، لغات، عوام کی زبان، لغت نویسی میں مستعمل چند اصطلاحات۔
۱۰	ڈاکٹر فاطمہ حسن	ادب کے جدید رجحانات اور شاعرات	۲۲۲	اردو شاعری میں جدید رجحانات کا آغاز محمد حسین آزاد اور حالی سے ہوا۔ اردو نظمیں جدید رجحانات کا مظہر ہیں۔ اس مقالے میں اردو شاعرات کا مطالعہ جدید رجحانات اور ادبی تحریکوں کے تناظر میں کیا گیا ہے۔	اردو شاعری، جدید رجحانات، محمد حسین آزاد، حالی، اردو نظمیں، شاعرات، ادبی تحریکیں۔
۱۱	سیّد خورشید علی مہر تقوی جے پوری	تذکرۂ دُرفشاں ۱۹۴۰ء	۲۳۳	تذکرۂ درفشاں، شعرائے تاریخ گو کا تذکرہ ہے۔ جو سیّد خورشید علی مہر تقوی جے پوری نے لکھا ہے۔ یہ تذکرہ قسط وار اردو میں شائع ہو رہا ہے۔ اس شمارے میں دوسری جلد کی ساتویں قسط شامل ہے۔	تذکرۂ درفشاں، تاریخ گو، خورشید علی مہر تقوی، قسط وار، دوسری جلد، آٹھویں قسط

۱۲	تحسین فراقی	Shams and Rumi: Communalities and Distinctions	11	شمس تبریزی اور مولانا روم کے تعلقات کئی مقالوں کا موضوع رہے ہیں۔ اس مقالے میں شمس اور رومی کے خیالات اور افکار میں باہمی ہم آہنگی اور فرق کا جائزہ لیا گیا ہے۔	شمس تبریزی، مولانا روم، فارسی شاعری، فکری ہم آہنگی، فکری اختلاف۔
۱۳	فتح محمد ملک	The Mystic Ideology of Baba Farid	3	بابا فرید الدین گنج شکرؒ برِعظیم پاک و ہند کے معروف صوفیہ میں شمار ہوتے ہیں۔ وہ اردو اور پنجابی کے شاعر بھی تھے۔ اس مقالے میں بابا فریدؒ کے صوفیانہ نظریات کا جائزہ ان کی شاعری کے تناظر میں لیا گیا ہے۔	بابا فریدؒ، اردو شاعری، پنجابی شاعری، تصوف، صوفیانہ افکار۔